1989ء سے مسلسل اشاعت | 9 اکتوبر تا 15 اکتوبر 2020 | شمارہ نمبر 43 | جلد نمبر 32

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

bmp

بزنس مین پینل



محمد سلیم بکیا
چیئرمین



خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

BMG

بزنس مین گروپ

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

ATC
Source of Paper & Board

ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

LABEL TAC®

Premium Quality Sticker Paper

5 Packets Inside - 100 Sheets in Each Packet Size : 20" x 30"

MADE IN CHINA

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road,Karachi-74000, Pakistan.
Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS | PEFC | China Environment Friendly Enterprise | ISO9001 | ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award | Brands of the year Award 2011-2012

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور ،مارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ ،کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک بتول مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129 60
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# آل پاکستان پیپر مرچنٹس کے لائسنس کی 2024 تک تجدید

## 14 ستمبر کو اپیما کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ انتخابات کا نہ ہونا اور ڈی جی ٹی او کے احکام پر عملدرآمد نہ کرنا لائسنس کے اجرا میں رکاوٹ نہیں ہے

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) تجارتی تنظیموں کی کنٹرولنگ اتھارٹی ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائسنس کی تجدید 19 نومبر 2024 تک پانچ سال کے لیے کردی ہے۔ اس سلسلے میں ڈی جی ٹی او کے دفتر نے 25 ستمبر 2020 کو خط جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مجاز اتھارٹی نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائسنس کی آئندہ پانچ سال کے لیے تجدید کردی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ پونے دو سالوں سے اپیما کی تجدید لائسنس کی درخواست التوا میں تھی اس سلسلے میں 14 ستمبر کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے لا فرم لیگل اوریکل کے بیرسٹر سعد حبیب وائیں نے حتمی سماعت کا وقت لے کر اپیما کا کیس پیش کیا تھا۔ 14 ستمبر کو ڈی جی ٹی او آفس میں ہونے والے اجلاس کی اندرونی کہانی پیپر بزنس کو موصول ہوئی ہے جس کے مطابق اجلاس میں ڈی جی ٹی اور ریاض احمد، ڈائریکٹر محمد عارف اللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر معین احمد اور بیرسٹر سعد حبیب وائیں موجود تھے۔ اس موقع پر اپیما کے قانونی نمائندے نے کہا کہ تجدید لائسنس کے لیے تمام قانونی نکات اور خامیاں جو محکمے نے دور کرنے کے لیے بھیجی تھیں وہ پوری اور دور کردی گئی ہیں اور کوئی بھی التوا میں نہیں ہیں لیکن لائسنس جاری نہیں کیا گیا۔ اس موقع پر ریاض احمد نے اپنے افسران سے اس کی تصدیق بھی کر لی اور انہیں بتایا گیا کہ تمام دستاویزات مکمل ہیں۔ تاہم اجلاس میں موجود افسران نے کہا کہ لائسنس کے اجرا میں ایک اخلاقی کمی ہے کہ اپیما نے انتخابات کا انعقاد نہیں کیا ہے اور ایک گزشتہ معاملہ میں ڈی جی ٹی او کے تجدید ممبر شپ سے متعلق حکم پر مکمل عملدرآمد نہ ہونا ہے اور جس پر ہمارے دفتر نے سیکریٹری جنرل پر 50 ہزار جرمانہ کیا اور شوکاز دیا ہے۔ جس کے جواب میں اپیما کے وکیل بیرسٹر سعد حبیب وائیں نے کہا کہ تجدید لائسنس کا اس زیر التوا معاملہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انتخابات رٹ پٹیشن نمبر 66012/2019 پر معزز عدالت عالیہ لاہور کے ایک حکم کے تحت منعقد نہیں ہوئے جس میں عدالت نے انتخابات کو Abeyance میں رکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ آئینی پٹیشن بنیادی طور پر ڈی جی ٹی او کے حکم کے خلاف ہی دائر کی گئی ہے جس میں ڈی جی ٹی او اور وفاق پاکستان بھی فریق ہے اور عبوری حکم پر عملدرآمد کی ان پر بھی ذمہ داری ہے کہ وہ دیکھیں کہ اس پٹیشن کے فیصلے تک اپیما انتخابات نہ کرائے۔ بیرسٹر سعد نے موقف اختیار کیا کہ اگر ڈی جی ٹی او حکم دیتی ہے کہ انتخابات کرائے جائیں اور اپیما انتخابات کرا دیتی ہے تو یہ جان بوجھ کر عدالت عالیہ کی حکم عدولی میں شامل ہونے کے مترادف ہوگا اور توہین عدالت کا کیس ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل میں لاہور ہائی کورٹ میں پٹیشن ممبر شپ کے حق، ووٹ کے حق سے متعلق ہے جو اپیما کے انتخابات کی بنیاد ہے اس لیے قانونی طور پر انتخابات منعقد نہیں ہو سکتے ہیں اس میں اپیما کی جانب سے جان بوجھ کر کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جہاں تک ڈی جی ٹی او کے حکم جس میں سیکریٹری جنرل کو جرمانہ کیا گیا ہے اس کے خلاف اپیل دائر کر دی گئی ہے لہٰذا اس پر عملدرآمد اس اپیل کے فیصلے پر منحصر ہے۔ بیرسٹر سعد نے اس موقع پر لاہور ہائی کورٹ کے حکم کی نقول بھی فراہم کیں جو پہلے سے تمام افسران کے پاس موجود تھیں۔ یہ موقف سننے کے بعد ڈی جی ٹی اور ریاض احمد نے موقع پر موجود افسران سے استفسار کیا کہ تجدید لائسنس کی راہ میں انتخابات کا کسی بھی وجہ سے نہ ہونا یا ڈی جی ٹی او کے احکام پر عمل نہ کرنا رکاوٹ ہے؟ اور کیا محکمہ تمام قانونی ضروریات پوری ہونے کے بعد لائسنس کے اجرا کو روک سکتا ہے؟ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ ایسی روایات محکمہ میں موجود ہیں کہ ایک بھی انتخابات نہ ہونے کے باوجود لائسنس جاری کر دیا گیا۔ اس موقع پر بیرسٹر سعد نے کہا کہ کسی اور معاملے کی بنیاد پر لائسنس نہیں روکا جا سکتا جبکہ موقع پر موجود افسران یہ بات تسلیم کر چکے ہیں کہ تمام قانونی ضروریات پوری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے استدعا کی کہ لائسنس فوری جاری کیا جائے، اس اجلاس کے دس دن بعد ہی ضروری کارروائی کے بعد یہ استدعا منظور کر لی گئی اور اپیما کا لائسنس جاری کر دیا گیا۔

# اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی ڈیمانڈ جاری ہونا شروع

## اپیما نے قانونی مدد فراہم کرنے کی پیشکش کردی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ جن امپورٹرز کی اینٹی ڈمپنگ کے نفاذ کے خلاف اپیلٹ ٹریبونل نے اپیلیں مسترد کی تھیں انہیں کسٹم نے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی ادائیگی کے لیے ڈیمانڈ نوٹسز جاری کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ اس سلسلے میں سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس نے ان اطلاعات پر کہ کسٹم نے ڈیمانڈ جاری کر دی ہیں اور ممبران اس بارے میں پریشان ہیں اور بعض خود ساختہ رہنما وکلاء کی فیس کے نام پر بھاری رقوم کا مطالبہ کر رہے ہیں، کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کی قانونی معاونت کا فیصلہ کیا ہے، ایک بیان میں محمد انیس نے ایسے ممبران سے کہا ہے کہ وہ قانونی مدد کی فراہمی کے لیے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سے رجوع کریں کیونکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اینٹی ڈمپنگ قانون کے ماہر وکلا کی خدمات حاصل کی ہیں جو ان کے کیسز لڑیں گے۔ محمد انیس نے کہا کہ بیشتر امپورٹرز اینٹی ڈمپنگ قانون سے ناواقف ہیں اور وہ اس شعبہ کے قابل وکلاء کی تلاش میں پریشان ہیں۔ ان کی سہولت کے لیے یہ خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔

## گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 8 دسمبر تک توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس سال 2020 کے لیے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 8 دسمبر تک توسیع کردی، ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر تھی جس میں ٹیکس دہندگان کی سہولت کیلئے دو ماہ 8 دن کی توسیع کی گئی جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# محمد سلیم بیکیا کی انتھک جدوجہد سے پیپر مرچنٹس اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی سے محفوظ ہوئے، حبیب نور محمد

## حتمی ڈیوٹی کے خلاف اپیلٹ ٹریبونل سے کامیابی کیلئے محمد سلیم بیکیا اور IBM کی ٹیم نے جو شاندار جدوجہد کی ہے وہ قابل تعریف ہے، استقبالیہ سے خطاب

## ہم آج بھی ان تمام اراکین کی خدمات کیلئے تیار ہیں جو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سائے تلے آجائیں گے، محمد سلیم بیکیا، عزت افزائی پر حبیب نور محمد سے اظہار تشکر

## آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بناتے ہوئے اپیما کے لائسنس کی پانچ سال کیلئے تجدید کرالی، اراکین کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن حبیب نور محمد نے کہا ہے کہ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر حتمی طور پر عائد کی جانے والی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف مقدمات میں کامیابی پر محمد سلیم بیکیا اور IBM کی پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے جس کے لیے انہوں نے انتہائی جانفشانی سے کام کرکے آفسیٹ پیپر کے امپورٹرز پر لٹکتی ہوئی ڈیوٹی کی تلوار کو ہٹایا۔ وہ یہاں محمد سلیم بیکیا اور آئی بی ایم کی ٹیم کے اعزاز میں اپنی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کررہے تھے۔ کراچی کلب انیکسی میں پانچ اکتوبر کو منعقد ہونے والے اس ظہرانہ میں بڑی تعداد میں پیپر مرچنٹس نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس کیس میں جتنی سخت محنت جنون کی حد تک انہوں نے کی ہے اس سے ان کی ٹریڈ سے لگن ثابت ہوئی ہے جو قابل تعریف ہے۔ حبیب نور محمد نے کہا ہے کہ محمد سلیم بیکیا کی انتھک جدوجہد سے پیپر مرچنٹس اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی سے محفوظ ہوئے۔ اس موقع پر حبیب نور محمد کی جانب سے محمد سلیم بیکیا کو حمزہ حبیب اور IBM کے دیگر افسران محمد جاوید، فیصل اقبال، عبدالقادر اور محمد رضوان کو باسط حبیب نے گلدستے پیش کیے۔ جبکہ حبیب نور محمد نے سلیم بٹ کو پھول پیش کیے۔ محمد سلیم بیکیا نے اپنے مختصر خطاب میں حبیب نور محمد کا اس عزت افزائی پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے تمام اراکین کی خدمات کیلئے حاضر ہیں لیکن ایسوسی ایشن دشمنوں کے لیے ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے ایک مخصوص گروپ کو ایک بار پھر پیشکش کی کہ وہ ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں تو ان کے ساتھ تعاون ہوسکتا ہے۔ انہوں نے پرمسرت طور پر اعلان کیا کہ بعض ایسوسی ایشن دشمن عناصر کی گزشتہ دو سالوں کی نام نہاد شکایتوں کو رد کرتے ہوئے ڈی جی ٹی او نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائسنس کی تجدید آئندہ پانچ سال کے لیے کردی ہے۔ جس پر تمام اراکین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جدوجہد ٹریڈ کے مفاد میں آئندہ بھی جاری رہے گی۔

### لیبل ٹیک کے امپورٹرز/ ہول سیلرز کا اجلاس

اے ٹی سی پاکستان کے زیراہتمام لیبل ٹیک اسٹیکر پیپر کے امپورٹرز، ہول سیلرز اور ریٹیلرز کے مشترکہ اجلاس کی تفصیلات اور تصاویر صفحات 8-7-6 پر ملاحظہ فرمائیں۔

# پاپاگائی انتخابات: باسط زیدی بلامقابلہ چیئرمین منتخب، بدر توقیر سینئر وائس، عارف حسین اور محبوب الٰہی وائس چیئرمین ہوگئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری کے انتخابات 2020-21 میں ساؤتھ زون میں نشستوں کی مقررہ تعداد کے مطابق کاغذات نامزدگی موصول ہونے اور درست قرار پانے پر تمام امیدوار بلا مقابلہ کامیاب قرار پائے ہیں۔ نومنتخب اراکین میں کارپوریٹ کلاس سے محمد نہال شیخ (اسپاٹلٹ پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ)، طارق رحمٰن (فضلی سنز پرائیویٹ لمیٹڈ) محمد سلمان اسلم (سنچری پیکیجز پرائیویٹ لمیٹڈ)، جبکہ ایسوسی ایٹ کلاس سے باسط ایم اے زیدی (مائٹی ڈیلز)، عارف حسین صدیقی (آیکنون کارپوریشن)، سید امین الحسن (ماس پرنٹرز)، محمد فیصل ولی (فلاح انٹر پرائزز)، عزیز خالد (اکیڈمک آفسیٹ پریس)، عبدالحسین (حاتم اسٹیشنرز) بلا مقابلہ منتخب قرار پائے۔ نارتھ زون میں ایسوسی ایٹ کلاس سے ڈاکٹر بدر توقیر (ایچ وائی انٹر پرائزز)، محبوب الٰہی (کیوپیک انٹرنیشنل)، ثمر عباس (پلاسٹک فلم)، سعد قدرت اللہ (سعد اللہ ٹریڈرز)، عدنان احسن (شرکت پرنٹنگ پریس)، نعیم (آراین ڈیجیٹیل)، حسن ناظم (فارما پیکیجز) اور کارپوریٹ کلاس سے عرفان احمد (وویڈ پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ) بلا مقابلہ منتخب قرار پائے۔ ایگزیکٹیو کمیٹی کا اجلاس 30 ستمبر 2020 کو منعقد ہوا تھا۔



باسط ایم اے زیدی
نومنتخب چیئرمین



ڈاکٹر بدر توقیر
نومنتخب سینئر وائس چیئرمین



عارف حسین صدیقی
نومنتخب وائس چیئرمین (ساؤتھ)



محبوب الٰہی
نومنتخب وائس چیئرمین (نارتھ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف حتمی کامیاب جدوجہد پر محمد سلیم بیکیا کو خراج تحسین



حبیب حاجی نور محمد سابق صدر اپما سدرن زون کی جانب سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ کے خلاف مقدمات میں کامیابی کی خوشی میں محمد سلیم بیکیا اور IBM کی ٹیم کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ کے موقع پر محمد سلیم بیکیا خطاب کر رہے ہیں اس موقع حبیب حاجی نور محمد، محمد بلال بیکیا، سینئر وائس چیئر مین اپما محمد انیس اور عابد نثار بھی موجود ہیں۔ دیگر تصاویر میں حبیب حاجی نور محمد کی جانب سے IBM کے محمد جاوید، فیصل اقبال، عبدالقادر اور محمد رضوان کو باسط حبیب گلدستے پیش کر رہے ہیں جبکہ حبیب نور محمد سلیم بٹ کو پھول پیش کر رہے ہیں۔ بڑی تعداد میں اراکین شریک ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# حبیب نور محمد کی جانب سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے مقدمات میں کامیابی پر محمد سلیم بیکیا کے اعزاز میں ظہرانہ













سابق صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن حبیب حاجی نور محمد نے محمد سلیم بیکیا اور IBM کی ٹیم کے اعزاز میں پیر 5 اکتوبر 2020 کو کراچی کلب میں ایک پر تکلف استقبالیہ دیا جس میں بڑی تعداد میں پیپر مرچنٹس نے شرکت کی۔ یہ استقبالیہ اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل کی جانب سے نیشنل ٹیرف کمیشن (این ٹی سی) کے رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر حتمی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ کے حکم کو ختم کرانے کی محمد سلیم بیکیا اور ان کی ٹیم کی کامیاب جدوجہد پر انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ان کے اعزاز میں منعقد کیا گیا تھا، اس موقع پر محمد سلیم بیکیا کو حمزہ حبیب پھول پیش کر رہے ہیں۔ تقریب میں بڑی تعداد میں پیپر مرچنٹس کے علاوہ خصوصی طور پر اسلام آباد سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے مقدمات کی پیروی کرنے والے بیرسٹر سعد صعیب وائیں بھی شریک ہیں۔




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature



**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM ™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2019

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA

Brands

## Products of PINDO DELI



ہم ساہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN


IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM-PAK
Tel : +92-21-32627061-63
Fax : +92-21-32629786
Email : saleemitc@cyber.net.pk
saleemibm@cyber.net.pk
Web : ibmpakistan.com


Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# انڈونیشین فوٹوکاپی پیپر اور مقامی آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، ڈپلیکس بورڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 7 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ ونراور انرجی کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے، فائیو اسٹار اور انڈونیشین فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جواتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر تمام سائز تمام گرام، 98 روپے سے کم ہوکر 94 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی تمام سائز 250 گرام، 125 روپے سے کم ہوکر 123 روپے، تمام سائز 290 گرام، 123 روپے سے کم ہوکر 121 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 121 روپے سے بڑھ کر 123 روپے، تمام سائز 68 گرام، 121 روپے سے بڑھ کر 123 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ رولیکس پیپر، تمام سائز 52 گرام، 88 روپے سے بڑھ کر 90 روپے، تمام سائز 53 گرام، 98 روپے سے بڑھ کر 102 روپے، تمام سائز 60 گرام، 98 روپے سے بڑھ کر 102 روپے، تمام سائز 63 گرام، 115 روپے سے بڑھ کر 116 روپے، تمام سائز 68 گرام، 98 روپے سے بڑھ کر 102 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 440 روپے سے بڑھ کر 455 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 75 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 70 گرام، 460 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 75 گرام، 540 روپے سے بڑھ کر 560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 80 گرام، 600 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 465 روپے سے بڑھ کر 475 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور
سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362
0308-2933229


# روپے کی قدر میں بہتری جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں منگل 6 اکتوبر کو بھی امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں بہتری آنے کا سلسلہ برقرار رہا جس کے نتیجے میں امریکی ڈالر 164.30 روپے کی سطح پر آ گیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 6 اکتوبر کو انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت خرید 10 پیسے کی کمی سے 164.20 روپے سے گھٹ کر 164.10 روپے اور قیمت فروخت 20 پیسے کی کمی سے 164.50 روپے سے گھٹ کر 164.30 روپے پر آ گئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 50 پیسے کی کمی سے 164.60 روپے سے گھٹ کر 164.10 روپے اور قیمت فروخت 164.90 روپے سے گھٹ کر 164.40 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 25 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے یورو کی قیمت خرید 191.75 روپے سے گھٹ کر 191.50 روپے اور قیمت فروخت 193.75 روپے سے گھٹ کر 193.50 روپے ہوگئی جب کہ برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید 50 پیسے کی کمی سے 212 روپے سے گھٹ کر 211.50 روپے اور قیمت فروخت 214 روپے سے گھٹ کر 213.50 روپے ہوگئی۔

# جب توسیع ہی کرنا ہوتی ہے تو آخری تاریخ کی تشہیری مہم پر کروڑوں روپے کیوں خرچ کئے جاتے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس فورم نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی مبہم پالیسیاں نقصان کا باعث ہیں، جب لوگوں کو معلوم ہے کہ ٹیکس گوشوارہ جمع کرانے کی تاریخ بڑھا دی جائے گی تو پھر وہ کیوں بروقت اپنا گوشوارہ جمع کرائیں گے، جو گوشوارہ یکم جولائی کو آنا چاہیے وہ اگست میں آتا ہے اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ پاکستان ٹیکس فورم کے چیئرمین ذوالفقار خان نے وزیراعظم، مشیر خزانہ، سیکرٹری خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر کو لکھے گئے کھلے خط میں کہا ہے کہ ایف بی آر نے پوری قوم کو شکوک وشبہات میں مبتلا کر رکھا ہے، 26 لاکھ گوشوارے جمع کرنے سے زیادہ اخراجات کر دیئے جاتے ہیں۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر گوشواروں کی تشہیری مہم کے اخراجات کی تفصیلات سے آگاہ کرے۔ اگر قانون موجود ہے اور ٹیکس دہندگان کو 30 ستمبر کی آخری تاریخ کا معلوم ہے تو پھر گوشوارہ ستمبر میں کیوں جمع نہیں ہوتا یہ غلطی کس کی ہے۔ جو گوشوارہ یکم جولائی کا آنا چاہیے اس کا فارم اگست میں آتا ہے۔ ایف بی آر گوشوارہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہونے کی تشہیری مہم پر کروڑوں روپے کے اخراجات کرتا ہے لیکن پھر تاریخ میں توسیع کر دی جاتی ہے۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ تمام اخراجات کی تفصیلات سے آگاہ کیا جائے تاکہ قوم جان سکے ٹیکس ریٹس کم کر کے ریلیف دینے کی بجائے ایف بی آر لاکھوں، کروڑوں روپے ضائع کر رہا ہے۔


BOHI ART CARD
Hi BULK
210, 250, 300, 350 Gsm.

GOLDEN SUN
MATT & ART PAPER
90, 104, 113, 128, 148 Gsm.

NINGBO BLEACH
Rolls + Sheets

Colour Cards

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandt@ptcl.net





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پارلیمنٹ سے منظور ہونیوالے قوانین اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے، گڈز ٹرانسپورٹر

## معیشت کے پہیے کو جام ہونے سے روکنا ہے تو حکومت ٹرانسپورٹرز کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے، گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن

لاہور (بزنس ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ قانون پر عملدرآمد کے ذمہ دار ریاستی ادارے ہمیں غیر قانونی راستے پر چلنے کا کہہ رہے ہیں، پارلیمنٹ سے منظور ہونے والے قوانین اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے، ایک ہی مطالبہ ہے کہ ایکسل و یٹ لوڈلمٹ قانون پر فوری عملدرآمد کرایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی کے رہنماؤں محمد اظہر قادری، چوہدری قمر الزمان گل، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آخر ایسی کونسی طاقت ہے جس نے حکومت کو اس قدر مجبور کر دیا ہے کہ وہ عدالت کے فیصلوں کو بھی ماننے کے لیے تیار نہیں، ہم مزید اپنے ڈرائیور شاہراہوں پر قربان نہیں کر سکتے اور نہ ہی ہم عوام کے قاتل بن سکتے ہیں۔ اب ٹرانسپورٹرز کی ساری امیدیں عدلیہ اور حکومت سے ہیں کہ آیا حکومت قانون کی محافظ بنتی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایکسل ویٹ لوڈلمٹ قانون جو کہ اسمبلی نے پاس کیا اور اسلام آباد ہائیکورٹ نے اس قانون پر عملدرآمد کروانے کا حکم دیا ہوا ہے اس پر فوری عمل درآمد کرایا جائے، حکومت ٹرانسپورٹرز کو غیر قانونی راستے پر چلنے کو کہہ رہی ہے ہم واضح کرنا چاہتے ہیں ہم محب وطن لوگ ہیں ہم قانون کی خلاف ورزی نہیں کرنا چاہتے۔

# پیپر و پیپر بورڈ سمیت بڑی صنعتوں کی پیداواری سرگرمیوں میں تیزی آرہی ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداواری سرگرمیوں میں بتدریج تیزی آرہی ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق کووڈ 19 سے پیدا ہونے والی صورتحال کے باوجود جاری مالی سال کے پہلے ماہ میں مینوفیکچرنگ سرگرمیوں میں جون کے مقابلے میں 9.5 فیصد بڑھوتری ریکارڈ کی گئی، سالانہ بنیادوں پر مینوفیکچرنگ کی سرگرمیوں میں جولائی کے دوران 5.02 فیصد اضافہ ہوا۔ آئل کمپنیز ایڈوایزری کمیٹی، وزارت صنعت و پیداوار اور صوبائی بیوروز برائے شماریات سے بالترتیب 36، 11 اور 65 اشیا بارے حاصل کردہ ڈیٹا کے مطابق جولائی 2020ئ میں ان اشیا کی بڑھوتری میں بالترتیب 2.25 ، 1 اور 1.77 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جولائی تا اگست ملک میں سیمنٹ کی کھپت میں 21.78 فیصد اضافہ ہوا۔ اس عرصہ میں 8.258 میٹرک ٹن سیمنٹ کی کھپت ریکارڈ کی گئی، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 6.863 میٹرک ٹن سیمنٹ کی کھپت ریکارڈ کی گئی تھی۔ سیمنٹ کی اندرون ملک کھپت میں 19.53 اور برآمدات میں 32.2 فیصد کا نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ بڑی صنعتوں کی پیداوار (ایل ایس ایم) کے 15 میں سے 12 بڑے شعبوں میں جولائی کے دوران 9.3 فیصد کی بڑھوتری ہوئی ہے، جاری مالی سال کے پہلے مہینہ میں کوئلہ اور پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار میں 18.3 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا۔ گزشتہ مالی سال کے آخری چھ مہینوں میں کوئلہ اور پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار میں مسلسل کمی کا رجحان دیکھنے میں آیا تھا۔ وزارت خزانہ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر مشروبات، تمباکو، فارماسوٹیکل، غیر دھاتی معدنیات اور پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں بھی بتدریج بہتری آرہی ہے۔ اسی طرح آٹوموبائل کے شعبہ میں بھی بہتری آرہی ہے۔ اگست 2020 میں کاروں کی فروخت میں 8.3 فیصد اور بسوں وٹرکوں کی فروخت میں بالترتیب 5 اور 1.1 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

# ایف بی آر کاروباری اداروں کو نوٹسز جاری کرنا بند کرے، لاہور چیمبر

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے فیڈرل بورڈ آف ریوینیو پر زور دیا ہے کہ وہ تاجروں کو فوری طور پر نوٹسز جاری کرنا بند کردے کیونکہ اس سے نہ صرف تاجر برادری کو ہراساں کرنے کا پہلو ظاہر ہوتا ہے بلکہ حکومت کی نیک نامی بھی خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے صدر میاں طارق مصباح الرحمٰن نے کہا کہ کرونا کے بعد کے دور میں کاروبار کو سہولت فراہم کی جانی چاہیئے لیکن بدقسمتی سے اس کے برعکس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ معیشت پہلے ہی کرونا وائرس کی وجہ سے ہونے والے نقصانات سے نکل رہی ہے اور ابھی بھی اسے لاک ڈاؤن پیریڈ کے آفٹر شاکس کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار آٹھ ماہ سے زیادہ کے بعد دوبارہ کھولے گئے ہیں اور وہ اس عرصے میں ہونے والے نقصانات کی بحالی کے لئے پوری کوشش کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ لاہور چیمبر کا مطالبہ ہے کہ اس وقت کاروباروں کو نوٹسز جاری کرنا معاشی بحالی کے عمل کو روک دے گا۔

# بڑی انڈسٹری کی طرح تاجروں کو بھی یوٹیلٹی بلز میں رعایت دی جائے، آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت پالیسیوں کی تشکیل میں صرف بڑی انڈسٹری اور ایکسپورٹرز پر توجہ مرکوز رکھتی ہے جبکہ چھوٹے تاجروں کو یکسر نظر انداز کیا جاتا ہے، پہلے ہی یوٹیلٹی بلز میں ٹیکسز کی بھرمار ہے اور اب بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا گیا ہے جو نا قابل قبول ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کا تاجر طبقہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے لیکن اس کے باوجود اسے کسی طرح کی سہولیات اور مراعات حاصل نہیں۔ حکومت صرف بڑی انڈسٹری اور ایکسپورٹرز سے رابطے رکھتی ہے اور ان کے لئے پالیسیاں تشکیل پاتی ہیں جبکہ ٹیکسز کی مد میں خزانے میں اربوں روپے جمع کرانے کے ساتھ لاکھوں افراد کو روزگار فراہم کرنے والے تاجروں کو یکسر نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ حکومت سے مطالبہ ہے کہ ٹیکسٹائل سمیت دیگر انڈسٹری کی طرح تاجروں کو بھی یوٹیلٹی بلز میں رعایت دی جائے اور بیرون ممالک منعقدہ نمائشوں میں شرکت کے مواقع فراہم کئے جائیں۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ تاجر نا مساعد حالات کے باوجود معیشت کی مضبوطی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اور آئندہ بھی اس سے دریغ نہیں کریں گے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
## TENDERS

### یونیورسٹی آف گجرات کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
UOG/DP/2020-21/Consumeable/12
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: ڈائریکٹر پرچیز، ایڈمن بلاک، حافظ حیات کیمپس، گجرات۔
فون: 117:053-3643331-3643334 EXT

### یونیورسٹی آف ویٹرینری کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 0036/2020
سالانہ رپورٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: انچارج، پرچیز سیل، آؤٹ فال روڈ، لاہور۔
فون: 0 5-042-99213650-9921449
EXT:138

### ایئرپورٹ سیکورٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/CSO(N)/2020-21
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: اسٹور آفس، چیف سیکورٹی آفیسر (نارتھ)، اسلام آباد۔
فون: 051-4576522

### سروے آف پاکستان کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی، سرویئر جنرل آفس، مری روڈ، فیض آباد، راولپنڈی۔
فون: 051-9290225

### ایوان صدر سیکریٹریٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (جنرل)، اسلام آباد۔

### بہاؤالدین یونیورسٹی کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2020-21/2
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2020-21/3
کارڈز کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔
فون: 111-229-988 EXT:1318

### ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری کا پرنٹنگ و اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 418/PC/DTL/FSD
پرنٹڈ میٹریل، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2020
برائے رابطہ: ڈائریکٹر، A۔بلاک، جی ایم آباد، نزد DPS اسکول، فیصل آباد۔
فون: 041-9330300-01

# حکومت کے خلاف آڈیو کلپ من گھڑت ہے، کراچی چیمبر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر شارق وہرہ نے سوشل میڈیا پر زیرگردش آڈیو کلپ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے جس میں ایک مخصوص شخص کی جانب سے کراچی کی تاجر وصنعتکار برادری کی ساکھ کو نقصان پہنچانے، اداروں اور سیاستدانوں کے مابین تنازعے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ شارق وہرا نے آڈیو کلپ میں کیے گئے تمام تر دعوؤں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کراچی چیمبر ایک شخص کی آڈیو کلپ میں تمام تر من گھڑت دعوؤں سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہے اور انہیں وطن عزیز کے خلاف سازش قرار دیتا ہے۔ آڈیو کلپ میں موجود ہر ماہ کے پہلے اتوار کو تاجر وصنعتکار برادری کا برنچ ایک جھوٹا دعویٰ ہے کیونکہ پوری تاجر وصنعتکار برادری کے کسی ایک بھی فرد نے کبھی بھی اس قسم کے کسی برنچ میں شرکت نہیں کی۔ صدر کے سی سی آئی نے کہا کہ یہ امر انتہائی تشویشناک ہے کہ بعض بے ایمان عناصر مذکورہ آڈیو کلپ کو چیئرمین بزنس مین گروپ (بی ایم جی) اور سابق صدر کے سی سی آئی سراج قاسم تیلی اور کراچی چیمبر سے جوڑنے کی کوشش کر رہے ہیں جو قطعی حقیقت پر مبنی نہیں کیونکہ آڈیو کلپ میں مذکورہ شخص کو واضح طور پر خود کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی حیثیت سے متعارف کراتے ہوئے سنا جاسکتا ہے اور نہ تو اس کا اندازِ بیاں نہ ہی اس کی آواز سراج تیلی سے مشابہت رکھتی ہے۔ شارق وہرا نے سوال اٹھایا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ کراچی چیمبر جو ملک کا سب سے بڑا چیمبر ہے اور کے سی سی آئی کے ساتھ قریبی تعلق رکھنے والے اس شہر کے تمام سرکردہ صنعتکار سنڈے برنچ میں تقریباً 350 کے قریب بڑے صنعتکاروں کے اتنے بڑے اجتماع سے بالکل ناواقف ہوں۔

# کراچی: شدید بارشوں کے سبب پراپرٹی ٹیکس میں رعایت کا اعلان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی میں کورونا وائرس اور شدید بارشوں کے سبب پراپرٹی ٹیکس میں رعایت کا اعلان کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) ایکسائز سندھ شعیب صدیقی کے مطابق شہر قائد میں پراپرٹی ٹیکس پر 5 فیصد ریبیٹ کی مدت میں ڈیڑھ ماہ کی توسیع کردی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی ایکسائز کا کہنا ہے کہ کراچی میں پراپرٹی ٹیکس میں رعایت 30 ستمبر سے بڑھا کر 15 نومبر کردی گئی ہے۔ خیال رہے کہ کورونا کے باعث کاروبار متاثر ہونے کے بعد کراچی میں ہونے والی بارشوں نے شہریوں کے نقصان کو دگنا کردیا تھا جس کے باعث حکومت نے پراپرٹی ٹیکس میں رعایت دینے کا اعلان کیا ہے۔

# کورونا لاک ڈاؤن کے بعد تاجروں کی مشکلات کم نہیں ہوئیں، انجمن تاجران

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ کورونا لاک ڈاؤن کے بعد کاروبار کھولنے والے تاجروں کی مشکلات کم نہیں ہوئیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے نوٹسز کا اجرائی کردیا گیا ہے، کاروباری برادری مشکلات سے نکلنے کی بھرپور کوششیں کررہی ہے جس کیلئے حکومتی سرپرستی ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور لاہور کی مختلف مارکیٹوں کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ موجودہ مشکل حالات میں ایف بی آر کے نوٹسز غیرضروری ہیں جنہیں فوری واپس لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ موجودہ حالات میں پالیسیوں پر نظرثانی کرکے کاروباری برادری کیلئے آسانیاں پیدا کی جائیں، تاجر اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں گے تو ٹیکسز دینے کے قابل ہوں جس سے معیشت کو بھی سہارا ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تاجروں کے دیرینہ مسائل کو حل کرے، تجاوزات ختم کرائی جائیں اور پارکنگ پلازے تعمیر کئے جائیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پرانی گاڑیوں کی دوبارہ فروخت، 17 فیصد سیلز ٹیکس، FBR کا وضاحتی بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے استعمال شدہ اور تجدید شدہ گاڑیوں کی دوبارہ فروخت پر 17 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے سے متعلق پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں شائع ہونے والی خبروں پر وضاحت جاری کردی ہے۔ ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ موجودہ قانون نے سیلز ٹیکس کو پوری سیل ویلیو پر وصول کیا جو سخت اور زیادتی تھا۔ تاجر برادری کی درخواست پر جو اس طرح کے کاروبار میں مصروف ہیں اور ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس کی حمایت حاصل کرنے کے بعد فنانس ایکٹ میں ریلیف فراہم کرنے اور سیکنڈ ہینڈ گاڑیوں کی تجدید کاری کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک شق شامل کی گئی۔ یہ ریلیف سیلز ٹیکس میں صرف رجسٹرڈ افراد کے لئے دستیاب ہے اور ایسے کھلاڑیوں کے ذریعہ کئے جانے والے ویلیو ایڈیشن کے 17 فیصد تک محدود ہے۔ کوئی غیر رجسٹرڈ فرد خریدار سے اس طرح کے سیلز ٹیکس میں کٹوتی یا مطالبہ نہیں کرسکتا ہے۔ مزید واضح کیا گیا ہے کہ اب صرف اصولوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

# کراچی میں گاڑیوں کے ٹرانسفر کے لئے نادرا کی خدمات حاصل

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت نے گاڑیوں کی خرید وفروخت کو نادرا سسٹم کے ساتھ منسلک کرنے کا فیصلہ کرلیا، جس کے تحت خریداری کے ایک ماہ کے اندر گاڑی اپنے نام منتقل کرانا ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت سندھ نے گاڑیوں کی خرید وفروخت کو نادرا کے نظام سے منسلک کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس حوالے سے ایکسائز ڈیپارٹمنٹ اور نادرا کے درمیان ابتدائی معاملات طے پاگئے ہیں۔ ڈی جی ایکسائز شعیب صدیقی نے کہا ہے کہ خریداری کے بعد ایک ماہ کے دوران گاڑی اپنے نام کرانا لازمی ہوگا اور نادرا مراکز یا کسی بھی فرنچائز پر بائیومیٹرک سے خریداری کا عمل مکمل کرنا ہوگا۔ ڈی جی ایکسائز کا کہنا تھا کہ خریدار اور فروخت کنندہ کو قریبی نادرا مرکز جانا ہوگا، دونوں کے انگوٹھوں کے نشانات کے بعد نادرا سے سلپ ملے گی، جس کے ذریعے ہی صرف گاڑی ٹرانسفر کی جاسکے گی۔ شعیب صدیقی نے کہا کہ اوپن لیٹر گاڑی چلانے سے نہ صرف حکومت بلکہ امن وامان کا بھی مسئلہ ہوتا ہے، 4 بار گاڑی فروخت ہوتی ہے تو صرف ایک بار ہی ٹرانسفر کرائی جاتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بائیومیٹرک سے ٹرانسفر کرانے سے وہیکل ٹیکس اور ریونیو میں 30 فیصد اضافہ ہوگا۔

# ایف بی آر، ایکسپورٹرز کیلئے ریفنڈز سسٹم تیز، فاسٹر پلس پر اپ گریڈ کردیا

